سفر آخرت کے راہی

انا للہ وانا الیہ راجعون

اللھم اغفر للمؤمنین والمومنات والمسلمین والمسلمات واعذھم من فتنۃ القبر وعذاب النار وعافھم واعف عنھم وادخلھم جنت الفردوس٥

مولانا حافظ محمد جاوید روپڑی کا سانحہ ارتحال

نہایت افسوس اور حزن وملال کے ساتھ یہ خبر سنی گئی کہ خاندان روپڑی کے چشم و چراغ محدث العصر حافظ عبداللہ روپڑی رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند ارجمند اور سرپرست جماعت اہل حدیث مولانا حافظ محمد جاوید روپڑی مختصر علالت کے بعد رحلت فرما گئے۔ انا وانا الیہ راجعون

پاکستان میں دینی، تعلیمی، دعوتی واصلاحی جدوجہد میں روپڑی خاندان کا کردار ناقابل فراموش ہے۔ خصوصاً محدث العصر مولانا حافظ عبداللہ روپڑی، خطیب اہل سنت مولانا محمد اسمٰعیل روپڑی اور مناظر اسلام حافظ عبدالقادر روپڑی نے اپنی علمی اور دعوتی سرگرمیوں سے پورے پاکستان کو فیض یاب کیا ہے۔ اس سلسلہ ذہبیہ کی ایک انتہائی محترم شخصیت مولانا محمد جاوید روپڑی بھی تھے۔ جو کہ جامعہ اہلحدیث چوک دالگراں کے سرپرست اور مجلہ ''تنظیم اہل حدیث'' کے بھی مدیر مسؤل تھے۔ انہوں نے کتاب وسنت کے فروغ میں مثالی کردار ادا کیا ہے۔ اور ہمیشہ علماء اور طلبہ کی سرپرستی کی۔ اور نہایت خاموشی سے دینی کام سرانجام دیتے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے۔ آمین

شیخ الحدیث مولانا زبیر علیزئی رحمہ اللہ تعالیٰ کا سانحہ ارتحال

تمام دینی، تعلیمی اور جماعتی حلقوں میں یہ خبر دکھ اور افسوس کے ساتھ سنی گئی کہ ممتاز عالم دین اور محقق جناب مولانا زبیر علی زئی طویل علالت کے بعد رحلت فرما گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

مولانا مرحوم نے اپنی زندگی دین کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ تحقیقی کاموں میں ہمہ تن مصروف رہتے۔ خصوصاً حدیث ان کا اوڑھنا بچھونا تھا۔ انہوں نے بہت متحرک مزاج پایا۔ اور ہر وقت دین کے غلبے کے لیے مضطرب رہتے تھے۔ تحقیقی میدان میں بہت سے عناوین قائم کیے۔ جس میں اہم ترین تقلید اور عدم تقلید بھی تھا۔ اس پر خوب لکھا۔ اور اس کے لیے اپنے جاری کردہ مجلہ ''الحدیث'' کے اوراق وقف ہوتے تھے۔

حدیث کے اخذ اور رد میں ان کا نکتہ نظر بڑا واضح اور دوٹوک تھا۔ اس میں کسی مصلحت کا شکار نہ ہوتے